**Department of Education**
Chancellor Richard A. Carranza

26 اکتوبر،2020

عزیزی اہلِ خانہ،

پچھلے مہینے، میں نے شہر بھر کے اسکولوں کا دورہ کیا ہے اور میں نے ایک مضبوط برادری کو بذات خود اور ورچئلی طور پر محسوس کیا ہے۔ خصوصاً مجھَے یہ دیکھ کر فخر ہوا کہ ہمارے اسکول اندرونی اور بیرونی دونوں طریقوں سے— محفوظ اور تدریسی ماحول کو فروغ دے رہے ہیں۔ ہر کلاس میں، میں نے دیکھا کہ عملے کے اراکین تندہی کے ساتھ ایک دوسرے کی صحت اور حفاظت کا خیال کر رہے ہیں، ماسک پہن رہے ہیں، سماجی فاصلہ رکھے ہوئے ہیں اور بہت کچھ۔۔ چاہے آپ کا بچہ اسکول میں ہفتے میں کچھ حصہ یا مکمل طورپر ریموٹ تدریس حاصل کر رہا ہے، ہماری اولین ترجیح محفوظ، اعلیٰ معیاری تدریسی تجربات کو یقینی بنانا ہے۔

جیسے کہ اس سال آپ کے بچے کا تعلیمی سفر جاری ہے، یہ انتہائی اہم ہے کہ آپ کے سامنے انکی پیشرفت کی ایک واضح تصویر رہے۔ گریڈز آپ کو اور آپ کے بچے کے استاد (اساتذہ) کو انکی خوبیاں اور فروغ پانے والے شعبوں کے بارے میں سمجھنے اور بات چیت کرنے کے لیے ایک باہمی زبان فراہم کرتے ہیں۔ تاہم، اس COVID-19 کی عالمی وبا کے دوران پیش آنے والی مشکلات سے گزرتے ہوئے، ہمیں اپنی گریڈ کرنے کی پالیسی میں تجدید کرنے کی ضرورت کا احساس ہوا ہے۔ اس خط میں، میں 21-2020 کے تعلیمی سال کے دوران گریڈ کرنے کی پالیسی کے بارے میں معلومات کا تبادلہ کروں گا۔

برائے مہربانی توجہ کریں کہ ہماری پالیسی شہر بھر کی اسکول برادریوں، اسکول کے قائدین اور دیگر کئی متعلقہ افراد کے تبصروں کی عکاسی کرتی ہے۔ جیسے طلبا نے ریموٹ اور مخلوط تدریس کو مسلسل اپنانا جاری رکھا ہوا ہے، ہماری گریڈ کرنے کی پالیسی کو بھی ہمارے طلبا کی تعلیمی اورسماجی-جذباتی ضروریات کے مطابق ڈھالنا ضروری ہے۔ 21-2020 تعلیمی سال کی گریڈ کرنے کی پالیسی کا مقصد آپ کو اپنے بچے کی پیشرفت کے بارے میں ایک واضح تصویر فراہم کرنا ہے گو کہ ہر انفرادی بچے کے نئے انداز سے سیکھنے کے تجربات سے مطابقت کی قدر کی جاتی ہے۔

**آپ کو 21-2020 تعلیمی سال میں گریڈ کرنے کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے**

ذیل میں ہمارے اس سال گریڈ کرنے کی پالیسی کے اہم عناصر ہیں:

- طالب علم کے ہر مضمون میں مکمل کام کے جائزے پر غور کرتے ہوئے طالب علم کے گریڈز کی بنیاد اب بھی تعلیمی پیشرفت اور کارکردگی پر ہی ہوگی۔ گریڈز طالب علم کی کسی مضمون کو اس مخصوص لمحئہ وقت میں سمجھنے کی سطح اور صلاحیتوں کی عکاسی کرتے ہیں۔
- اس سال، ہر اسکول کئی انتخابات میں سے اپنے لیے گریڈ کے پیمانوں کا انتخاب کرے گا۔ عام طور پر گریڈ کرنے کی مثالوں میں 4-1 کا پیمانہ، عددی پیمانہ (100 پوائنٹس) اور حروف تہجی کا پیمانہ (A-D) شامل ہیں۔
- اسکولوں کی گریڈ کرنے کی پالیسی طلبا کے اپنے کام کو مخلوط اور ریموٹ لرننگ کے نمونوں کے نئے طریقوں میں مکمل کرنے کی عکاسی کریں گے۔ اس کا مطلب تفویضات میں لچک، یہ طلبا کو جو سیکھا ہے اسکے اظہار کرنے کے مختلف طریقے اور بہت کچھ فراہم کرتا ہے۔
- اہلِ خانہ کو اس کا تعین کرنے میں لچک ملتی ہے کہ کس طرح کامیابی کے حتمی گریڈز طالب علم کے ریکارڈ پر نظر آتے ہیں۔ یہ ان اہلِ خانہ کے لیے ایک انتخاب ہے جو ترجیح دیتے ہیں کہ ان کے بچے کی کارکردگی کی زیادہ عام فہم انداز میں عکاسی کی جائے (جیسے بجائے نمبر گریڈ کے "پاس") جبکہ وہ مخلوط اور ریموٹ لرننگ کو اپنانا جاری رکھے ہوئے ہیں۔
- اس کے علاوہ، طلبا کو فیل ہونے کے گریڈ نہیں دیے جائیں گے اگر انہوں نے اب تک اپنے کورسس کے تدریسی نتائج حاصل نہیں کیے ہیں؛ اس کی جگہ، انہیں دوسرا مارک ملے گا ("بہتری کی ضرورت ہے" یا "کورس جاری ہے"، گریڈ سطح کے لحاظ سے) اور اسے یقینی بنانے کے لیے مزید وقت اور مدد فراہم کی جائے گی کہ وہ کورس کے نظریات پر عبور حاصل کر لیں اور حسب مناسبت کریڈٹ حاصل کریں۔
- اس دوران جب طلبا کو لازماً ہر روز ریموٹ اور مخلوط تدریس میں مسلسل حصہ لینا جاری رکھنا چاہیے، گریڈ کرنے میں حاضری کا کوئی عنصر نہیں ہو گا۔ اسکول میں شریک ہونے، کلاس میں حصہ لینے اور فہم کا مظاہرہ طالب علم کی تعلیم کے تمام اہم عناصر ہیں، اور اسکول کی برادریوں کو یہ یقینی بنانے کے لیے پوری کوشش کرنی چاہیے کہ ہر روز ہر طالب علم اسکول میں شریک ہو، ہر طالب علم، ہر دن کے ہدف کے ساتھ۔

**2020-21 کی گریڈ کرنے کی پالیسی کے اہم نکات کا خلاصہ**

| گریڈ (ز) | گریڈ کرنے کی پالیسی کا خلاصہ |
|---|---|
| 3K اور پری کنڈرگارٹن | کوئی تبدیلی نہیں کیونکہ طلبا کو رپورٹ کارڈز یا گریڈز نہیں دیے جاتے۔ |
| K - 5 | اسکول اپنے مارکنگ پیریئڈ اور حتمی گریڈز کے لیے اپنے پیمانوں کا انتخاب کریں گے۔ طلبا ناکام (فیل ) ہونے کے گریڈز کے "بہتری کی ضرورت ہے" (N) موصول کریں گے۔ والدین / سرپرست کسی کامیاب ہونے والے گریڈ کو "معیارات کی تکمیل" (MT) کا کامیاب گریڈ میں تبدیل کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ |
| 6th - 8th | اسکول اپنے مارکنگ پیریئڈ اور حتمی گریڈز کے لیے اپنے پیمانوں کا انتخاب کریں گے۔ طلبا بجائے ناکام (فیل) ہونے کے گریڈز کے "کورس جاری ہے" (NX) موصول کریں گے۔ والدین / سرپرست کسی کامیاب ہونے والے گریڈ کے بجائے کامیاب گریڈ کو "معیارات کی تکمیل" (MT) میں تبدیل کروا سکتے ہیں۔ طلبا کے GPA میں "P" گریڈ نہیں ڈالا جائے گا۔ |
| 9th - 12th | اسکول اپنے مارکنگ پیریئڈ اور حتمی گریڈز کے لیے اپنے پیمانوں کا انتخاب کریں گے۔ طلبا بجائے فیل ہونے کے گریڈز کے "کورس جاری ہے" (NX) موصول کریں گے۔ والدین / سرپرست کسی کامیاب ہونے والے گریڈ کے بجائے کامیاب گریڈ کو "کریڈٹ" (CR) سےتبدیل کروا سکتے ہیں۔ طلبا کے GPA میں "CR" گریڈز نہیں ڈالا جائے گا۔ |

اگر آپ کے مڈل یا ہائی اسکول کے طالب علم نے "کورس جاری ہے" حاصل کیا ہے، ان کا اسکول ٹرم ختم ہونے کے بعد بھی گریڈ سطح اور مضمون کے شعبے کے مطابق ان کی تعلیم جاری رکھنے میں مدد کرے گا۔ اساتذہ تعلیم کے لیے ہر طالب علم کی انفرادی ضروریات کے مطابق تدریسی ہدف پر توجہ مرکوز رکھیں گے۔ ساتھ مل کر، یہ آپ کے طالب علم کو اپنے کورس کی تعلیم کے نتائج میں پیش رفت حاصل کرنے میں مدد کریں گے۔

**اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہیں**

اپنے بچے کی پیش رفت اور اپنے اسکول کی توقعات اور گریڈ کرنے کے پیمانوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے آپ کو آپ کے بچے کے استاد یا پرنسپل سے رجوع کرنا چاہیے۔ جب آپ کے بچے کا اسکول رپورٹ کارڈ جاری کرتا ہے، آپ کے بچے کے گریڈز نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹس میں بھی ظاہر ہوں گے (mystudent.nyc). اگر آپ کا نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹس نہیں ہے، یہاں جائیں schools.nyc.gov/nycsa یا مزید معلومات کے لیے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

**مخلوط تدریس اوپٹ - ان دورانیہ 2-15 نومبر، 2020**

برائے مہربانی اس پر بھی توجہ دیں کہ مکمل ریموٹ خاندانوں کے پاس جلد ہی مخلوط تدریس منتخب کرنے (اوپٹ ان) کا موقع ہوگا ، جسکا مطلب ہے کہ طلبا ہفتے میں کچھ حصہ اسکول کی عمارت میں اور ہفتے کا باقی حصہ گھر پر ریموٹ طریقے سے تعلیم حاصل کریں گے۔ پیر، 2 نومبر سے سے اتوار، 15 نومبر تک اہل خانہ کے پاس ایک فارم بھرنے کا انتخاب ہو گا جس میں وہ تدریسی ترجیحات میں اپنی پسند کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔ جو طلبا ریموٹ سے مخلوط میں تبدیل ہوں گے وہ 30 نومبر اور 7 دسمبر کے درمیانے ہفتوں کے دوران بذات خود موجودگی تعلیم شروع کریں گے اور ان کا اسکول انہیں شروع کرنے کی تاریخ اور شیڈیول سے آگاہ کرے گا۔ اسکول ہر ممکن کوشش کریں گے کہ پروگرامنگ اور جگہ کی گنجائش کی بنیاد پر ان درخواستوں کو منظور کر لیں۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

ہمیشہ کی طرح، ہم آپکے بچے کی تعلیم میں آپکے اشتراک کے شکرگزار ہیں۔ ہم آپ کے بچے کو مضبوط، مددگار، سرگرم تعلیمی تجربات فراہم کرنے پر توجہ مرکوز رکھے ہوئے ہیں، چاہے وہ جہاں پر بھی تعلیم حاصل کریں۔
ہماری نئی گریڈ کرنے کی پالیسی اس بے نظیر وقت میں ان کی— اور آپ کی— سخت محنت کرنے کی قدر کرتی ہے۔ ہم آپ اور آپ کے بچے کے راستے میں ہر قدم پر مدد دینا جاری رکھیں گے۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم

پسِ تحریر: اگر آپ خاص طور ہمارے اسکولوں میں صحت اور حفاظت کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں یا سوالات ہیں، برائے مہربانی اس منگل کو شام 7:30 -6:30 بجے #NYCOfficeHours teletownhall میں شامل ہوں۔ شام کو 6:30 بجے ہمارے ماہرین کو سننے کے لیے بس 1-800-280-9461 ڈائل کریں۔

**Department of Education**
Chancellor Richard A. Carranza

To view a copy of this document in your language, visit schools.nyc.gov/messagesforfamilies

| | | |
|---|---|---|
| للاطلاع على نسخة مترجمة من هذه الوثيقة، يرجى زيارة الرابط schools.nyc.gov/messagesforfamilies | এই ডকুমেন্টের অনুবাদকৃত সংস্করণটি দেখতে, schools.nyc.gov/messagesforfamilies ভিজিট করুন | 如要查看本文件的中文譯本，請上網到 schools.nyc.gov/messagesforfamilies |
| Pour voir une version traduite de ce document, allez sur schools.nyc.gov/messagesforfamilies | Pou wè yon vèsyon dokiman sa a nan lòt lang, ale nan schools.nyc.gov/messagesforfamilies | 이 문서의 번역본은 schools.nyc.gov/messagesforfamilies에 있습니다. |
| Перевод документа находится по адресу: schools.nyc.gov/messagesforfamilies | Para ver una versión traducida de este documento, visite schools.nyc.gov/messagesforfamilies | اس دستاویز کی ترجمہ شدہ اشاعت دیکھنے کے لیے ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/messagesforfamilies |